ہو مبارک مبارک یہ میلاد

مولی مبارک مولی مبارک

مبارک مبارک مولی مبارک

آقا برہان دیں سیف دیں کو ہو مبارک مبارک یہ میلاد
سارے عالم کو اور مؤمنیں کو ہو مبارک مبارک یہ میلاد

سالگرہ دونوں آج آ گئی ہے مؤمنیں میں خوشی چھا گئی ہے
ہو گئے ہیں وہ سب خوب دلشاد ہو مبارک مبارک یہ میلاد

خوش ہوئے نجم دیں عبدالقادر خوش ہوئے مولی سیف دیں طاہر
خوش ہوئے آج آباء و اجداد ہو مبارک مبارک یہ میلاد

یہ مفضل تو عالی قدر ہے آپ کی ہم پہ میٹھی نظر ہے
اس نظر سے ہوئے ہم ہیں آباد ہو مبارک مبارک یہ میلاد

رہو باقی سلامت سلامت اے میرے مولی تم تا قیامت
تم سے مضبوط ہے حق کی بنیاد ہو مبارک مبارک یہ میلاد

عبد ادنی یہ عبد علی ہے تجھ سے اس کی ہر مشکل ٹلی ہے
تجھسے ہی ہے وہ طالبِ امداد ہو مبارک مبارک یہ میلاد